(۱۴) انہوں نے کہا: بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ بھیڑیا اسے کھا لے اور ہمارا ایک پورا جتھا موجود ہو اگر ایسا ہو تو پھر ہم نرے نکمے ہی نکلے

فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهِ وَأَجْمَعُوا أَن يَجْعَلُوهُ فِي غَيَابَتِ الْجُبِّ ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُم بِأَمْرِهِمْ هَٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝

(۱۵) پھر جب یہ لوگ (باپ سے رخصت لے کر) یوسف کو ساتھ لے گئے اور سب نے اس پر اتفاق کر لیا کہ اندھے کنویں میں ڈال دیں (اور ایسا ہی کر گزرے) تو ہم نے یوسف پر وحی بھیجی کہ (مایوس نہ ہو) ایک دن ضرور آنے والا ہے جب ان کا یہ معاملہ تو انہیں جتائے گا اور وہ نہیں جانتے (کہ کیا کچھ ہونے والا ہے)۔

القرآن: ان ابانا لفی ضلٰل مبین (سورۂ یوسف، آیت 8، پارہ 12)
ترجمہ: اور یقیناً ہمارا باپ صریح غلطی پر ہے (ترجمہ: مولوی ابوالکلام آزاد)
جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنزالایمان میں کیا۔
ترجمہ کنزالایمان: بے شک ہمارے باپ صراحتاً ان کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں

Marfat.com

مولوی امین احسن اصلاحی نے اپنے ترجمہ قرآن میں
اللہ تعالیٰ کے معصوم نبی حضرت یعقوب علیہ السلام کو کھلی غلطی میں مبتلا لکھا

یوسف ۱۲ — ۳۴۳ — وما ارسلنا ۱۲

لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝۴ قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ

میرے آگے سر بجود ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ اے میرے بیٹے! تم اپنے اس خواب کو اپنے بھائیوں کو نہ سنانا کہ وہ تمہارے خلاف کسی سازش

كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ

میں لگ جائیں۔ بے شک شیطان انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے۔ اور اسی طرح تمہارا رب تمہیں برگزیدہ کرے گا

وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ

اور تمہیں باتوں کی حقیقتوں تک پہنچنا سکھائے گا اور تم پر اور آل یعقوب پر اپنی نعمت تمام کرے گا جس طرح

يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ

اس نے اس سے پہلے تمہارے جداد — ابراہیم اور اسحاق — پر اپنی نعمت تمام کی۔ بے شک تمہارا رب بڑا ہی

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝۷

علم والا اور حکمت والا ہے۔ بے شک یوسف اور اس کے بھائیوں کی سرگزشت میں پوچھنے والوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں۔

اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۭ اِنَّ

(خیال کرو) جب انھوں نے کہا کہ یوسف اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ ہم ایک پورا جتھا ہیں۔ بے شک

اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۸ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ

ہمارا باپ ایک کھلی ہوئی غلطی میں مبتلا ہے۔ یوسف کو قتل کر دو یا اس کو کہیں پھینک دو تو تمہارے باپ کی ساری توجہ

وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹ قَالَ قَاۗىِٕلٌ مِّنْهُمْ لَا

تمہاری ہی طرف ہو جائے گی اور اس کے بعد تم بالکل ٹھیک ہو جاؤ گے۔ ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا

تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ

کہ یوسف کو قتل تو نہ کرو، اگر تم کچھ کرنے ہی والے ہو تو اس کو کسی کنوئیں کی تہ میں پھینک دو، کوئی راہ چلتا قافلہ اس کو

منزل ۳

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ

قرآنِ مجید

ترجمہ

مولانا امین احسن اصلاحی رحمۃ اللہ علیہ



فاران فاؤنڈیشن

لاہور — پاکستان

القرآن: ان ابانا لفی ضلٰل مبین (سورۂ یوسف، آیت 8، پارہ 12)

ترجمہ: بے شک ہمارا باپ ایک کھلی ہوئی غلطی میں مبتلا ہے (ترجمہ: امین احسن اصلاحی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: بے شک ہمارے باپ صراحتاً ان کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں

Marfat.com

شیعہ مولوی فرمان علی نے اپنے ترجمہ قرآن میں
اللہ تعالیٰ کے معصوم نبی حضرت یعقوب علیہ السلام کو صریح غلطی میں مبتلا لکھا

اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ

جب یوسف نے اپنے باپ سے کہا اے ابا میں نے گیارہ ستاروں اور

كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝

سورج چاند کو (خواب میں) دیکھا ہے میں نے دیکھا ہے کہ یہ سب مجھے سجدہ کر رہے

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا

میں یعقوب نے کہا اے بیٹا (دیکھو) خبردار کہیں اپنا خواب اپنے بھائیوں سے نہ دہرانا ورنہ وہ

لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

اس کے لئے کوئی تدبیر کریں گے ہم ایسی تو شک ہی نہیں کہ شیطان آدمی کا کھلا ہوا دشمن ہے اور (جو ہم نے دیکھا ہے)

وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ

ایسا ہی ہوگا کہ تمہارا پروردگار تم کو برگزیدہ کرے گا اور تمہیں خوابوں کی تعبیر سکھائے گا اور جس

الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ

طرح اس سے پہلے تمہارے دادا پردادا ابراہیم اور اسحٰق پر اپنی نعمت

كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ

پوری کر چکا ہے اسی طرح تم پر اور یعقوب کی اولاد پر اپنی نعمت پوری کرے گا۔

اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَ

بیشک تمہارا پروردگار بڑا واقف حکیم ہے۔ اے رسول یوسف اور اس کے بھائیوں کے قصہ میں پوچھنے والے

اِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَ

لیوں کیلئے تمہاری نبوت کی یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں کہ جب انہوں نے بھائیوں سے کہا کہ ہم

اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۭ اِنَّ اَبَانَا

بھائی یوسف اور اس کا حقیقی بھائی بنیامین ہمارے والد کو ہم دس سے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ ہم

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِۨقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ

نہیں کہ ہمارے والد یقیناً صریح غلطی میں پڑے ہیں اس لئے مناسب یہ ہے کہ یا تو یوسف کو مار ڈالو یا اس



القرآن: ان ابانا لفی ضلٰل مبین (سورۂ یوسف، آیت 8، پارہ 12)

ترجمہ: اس میں کچھ شک نہیں کہ ہمارے والد یقیناً صریح غلطی میں پڑے ہیں۔

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: بے شک ہمارے باپ صراحتاً ان کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں

Marfat.com

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ

''بے شک ہمارے باپ صراحۃً ان کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں''

یوسف ۱۲ — ۲۸۴ — ولما من دابۃ ۱۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖۤ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۷

علم و حکمت والا ہے بیشک یوسف اور اس کے بھائیوں میں پوچھنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں

اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰۤى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ

جب بولے کہ ضرور یوسف اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں اور ہم ایک جماعت ہیں

اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۸ اُقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا

بیشک ہمارے باپ صراحۃً ان کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں یوسف کو مار ڈالو یا کہیں زمین میں پھینک آؤ

يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹

کہ تمہارے باپ کا منہ صرف تمہاری ہی طرف رہے اور اس کے بعد پھر نیک ہو جانا

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ

ان میں ایک کہنے والا بولا یوسف کو مارو نہیں اور اسے اندھے کنویں میں ڈال دو

يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝۱۰ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَالَكَ

کوئی چلتا اسے اٹھا لے جائے اگر تمہیں کرنا ہے بولے اے ہمارے باپ آپ کو کیا ہوا

لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝۱۱ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا

کہ یوسف کے معاملہ میں ہمارا اعتبار نہیں کرتے اور ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں کل اسے ہمارے ساتھ بھیج دیجئے

يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۱۲ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْۤ اَنْ

کہ میوے کھائے اور کھیلے اور بیشک ہم اس کے نگہبان ہیں بولا بے شک مجھے رنج دے گا کہ

تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝۱۳

اسے لے جاؤ اور ڈرتا ہوں کہ اسے بھیڑیا کھا لے اور تم اس سے بے خبر رہو

قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّاۤ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝۱۴ فَلَمَّا

بولے اگر اسے بھیڑیا کھا جائے اور ہم ایک جماعت ہیں جب تو ہم ہی نکمے ہوئے تب پھر جب

ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْۤا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَاۤ

لے گئے اور سب کی رائے یہی ٹھہری کہ اسے اندھے کنویں میں ڈال دیں اور ہم نے اسے وحی

اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۵ وَجَآءُوْۤ اَبَاهُمْ

بھیجی کہ ضرور تو انہیں ان کا یہ کام جتا دے گا ایسے وقت کہ وہ نہ جانتے ہوں گے اور رات پڑے اپنے باپ

کنز الایمان
فی
ترجمۃ القرآن
حضرت علامہ احمد رضا خان بریلوی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔کراچی۔پاکستان

القرآن: ان ابانا لفی ضلل مبین o (سورۂ یوسف آیت 8، پارہ 12)

ترجمہ: بے شک ہمارے باپ صراحتاً ان کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے جو ترجمہ فرمایا ہے۔ وہ اپنی رائے سے نہیں بلکہ معتبر و مستند تفاسیر کے عین مطابق ہے۔

تفسیر عزیزی: اور بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ (اس آیت میں) ضلال سے مراد محبت اور مرتبہ عشق ہے جیسا کہ یعقوب کے بیٹوں نے ان کی یوسف علیہ السلام سے محبت کو اس لفظ (ضلال) سے تعبیر کیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بیٹے بولے خدا کی قسم آپ اپنی خود رفتگی میں ہیں اور (اس آیت میں) ہدایت سے مراد محبوب حقیقی کے وصال کا راستہ بتانا ہے (تفسیر عزیزی ص 221)

تفسیر قرطبی: امام قرطبی علیہ الرحمہ نے یہاں ''ضلال'' بمعنی محبت فرمایا ہے (تفسیر الجامع الکلام للبیان الاحکام)

Marfat.com

اہلسنت کے ممتاز عالم دین محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ:

”بے شک ہمارے باپ صاف صاف محبت کی مستی میں ہیں“

حَكِيْمٌ ۝ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝ اِذْ

حکمت والا ہے بلاشبہ یوسف اور ان کے بھائیوں میں کئی نشانیاں ہیں پوچھنے والوں کے لیے جب

قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۭ اِنَّ

کہ سب نے کہا کہ یوسف اور ان کا بھائی زیادہ پیارے ہیں ہمارے باپ کو حالانکہ ہم ایک جماعت ہیں بیشک

اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۝ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا

ہمارے باپ صاف صاف محبت کی مستی میں ہیں مار ڈالو یوسف کو یا انھیں پھینک آؤ کسی جگہ کہ تمہارے

يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝

باپ کا رخ تمہارے لیے رہ جائے اور اس کے بعد ہو جاؤ نیک

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ

ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسف کو مارنہ ڈالو اور انھیں ڈال دو کنوئیں کی اندھیریوں

يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا

میں لے لے گا ان کو کوئی راہ چلتا اگر تم کو یہ کرنا ہے سب نے مل کر عرض کیا کہ اے

لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰي يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝ اَرْسِلْهُ مَعَنَا

ہمارے باپ آپ کو کیا ہے کہ آپ امین نہیں بناتے ہم کو یوسف پر حالانکہ ہم ان کے خیر خواہ ہیں بھیج دیجیے انھیں ہمارے

غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ

ساتھ کل کہ وہ کھائیں کھیلیں اور ہم سب ان کی نگرانی کرنے والے ہیں جواب دیا کہ مجھے اس کا رنج ہے

اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝

کہ تم انھیں لے جاؤ اور مجھے خطرہ ہے کہ بھیڑیا ان کو کھا جائے اور تم بے خبر رہو

قَالُوْا لَىِٕنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝ فَلَمَّا

سب نے عرض کیا کہ اگر بھیڑیا انھیں کھا لیا اور ہم ایک جماعت ہیں تو پھر ہم ناکارہ ہوئے پھر جب

ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ

سب لے گئے ان کو اور سب کی رائے ہوئی کہ ڈال دیں ان کو کنوئیں کی تاریکیوں میں اور وحی بھیجی ہم نے ان

لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ

کی طرف کہ ضرور تم انھیں بتاؤ گے ان کے اس کیے کو اور وہ نہ پہچانتے ہوں گے اور سب آئے اپنے باپ کے پاس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

قرآن مجید ترجمہ

مستند بہ

معارف القرآن

ترجمہ نگار

مخدوم الملت ابوالمحامد سید محمد محدث اعظم ہند کچھوچھوی علیہ الرحمۃ والرضوان

تاریخ تکمیل ترجمہ ہذا ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۶۶ھ لیلۃ الاولیٰ قبل العشاء

ناشر

گلوبل اسلامک مشن انک

نیویارک۔ یو۔ ایس۔ اے

زیر اہتمام

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور کراچی پاکستان

القرآن: ان ابانا لفی ضلٰل مبین (سورۂ یوسف، آیت 8، پارہ 12)

ترجمہ: بے شک ہمارے باپ صاف صاف محبت کی مستی میں ہیں (ترجمہ: محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ)

Marfat.com

اہلسنت کے ممتاز عالم دین علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ:

"بے شک ہمارے باپ ضرور (محبت کی) کھلی وارفتگی میں ہیں"

یوسف ۱۲ — ۳۵۴ — وما ابرئ آیۃ

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ
کی حقیقت تک پہنچنا سکھائے گا اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے گا اور
عَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ
آلِ یعقوب پر جس طرح اس سے پہلے اس کو پورا کیا تمہارے دونوں (پر دادا
قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶
اور) دادا ابراہیم اور اسحٰق پر۔ بیشک تمہارا رب بہت جاننے والا بہت حکمت والا ہے ۝۶
لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۷
بیشک یوسف اور ان کے بھائیوں کے قصہ میں بہت سی نشانیاں ہیں پوچھنے والوں کے لیے ۝۷
اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا
جب (اُن کے بھائیوں نے) کہا کہ یوسف اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ محبوب ہے
وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۸
حالانکہ ہم قوت والے ہیں۔ بیشک ہمارے باپ ضرور (محبت کی) کھلی وارفتگی میں ہیں۔ ۝۸
اِقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ
یوسف کو قتل کر دو یا اُسے کہیں زمین میں پھینک آؤ (اس طرح) تمہارے باپ کا رُخ تمہاری ہی
اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹ قَالَ
طرف ہو جائے گا اور اس کے بعد تم (توبہ کر کے) صالحین کی قوم سے ہو جانا۔ ۝۹ اُن میں
قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ
سے ایک کہنے والے نے کہا یوسف کو قتل نہ کرو اور اسے کسی اندھے کنویں کی گہرائی میں
الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝۱۰
ڈال دو اسے اٹھائیں گے بعض راہگیر (مسافر) اگر تم (کچھ) کرنا چاہتے ہو۔ ۝۱۰
قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا
انہوں نے کہا اے ہمارے باپ آپ کو کیا ہوا کہ آپ یوسف کے بارے میں ہم پر مطمئن نہیں حالانکہ
لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝۱۱ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ
ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ ۝۱۱ کل اُسے ہمارے ساتھ بھیج دیجئے کہ وہ پھل کھائے اور کھیلے

منزل ۲

خلق الانسان علمہ البیان

القرآن الحکیم

مع ترجمہ

البیان

از

امام اہلسنت غزالی زماں رازی دوراں

سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ملتان

کاظمی پبلیکیشنز، کچہری روڈ، ملتان

القرآن: ان ابانا لفی ضلل مبین (سورۂ یوسف، آیت 8، پارہ 12)

ترجمہ: بے شک ہمارے باپ ضرور (محبت کی) کھلی وارفتگی میں ہیں (ترجمہ البیان: علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ)

Marfat.com

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد

(سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: اور آپ (یوں بھی) کہہ دیجئے کہ میں تم ہی جیسا بشر ہوں، میرے پاس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہی معبود ہے (ترجمہ: مولوی اشرف علی تھانوی، دیوبندی)

ترجمہ: کہہ دو کہ میں تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں (البتہ) میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (وہی) ایک معبود ہے (ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

ترجمہ: اے نبی، کہو کہ میں تو ایک انسان ہوں تم ہی جیسا، میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا خدا بس ایک ہی خدا ہے (ترجمہ: مولوی مودودی، دیوبندی)

ترجمہ: کہہ دو کہ میں تو تمہی جیسا ایک انسان ہوں (البتہ) مجھ پر وحی آتی ہے کہ تم سب کا خدا بس ایک خدا ہے (ترجمہ: مفتی محمد تقی عثمانی، دیوبندی)

ترجمہ: (اے نبی ﷺ ان سے) کہہ دو کہ میں تو صرف تمہاری مثل ایک بشر ہوں، میری طرف یہ وحی کی جاتی ہے کہ تم سب کا معبود ایک (ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

ترجمہ: کہہ دے میں تو تم جیسا ایک بشر ہوں، میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود صرف ایک ہی معبود ہے (ترجمہ: حافظ عبدالسلام بن محمد، اہلحدیث)

آپ نے مختلف مکاتب فکر کے مترجمین کے تراجم ملاحظہ فرمائیں، تمام مترجمین نے اپنے تراجم قرآن میں بے مثل رسول ﷺ کو اپنے جیسا انسان اور اپنے جیسا بشر لکھا۔

اب آپ علمائے اہلسنت کے تراجم قرآن ملاحظہ فرمائیں اور خود فیصلہ کریں کہ کس کا ترجمہ ایمان کے عین مطابق ہے۔

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: تم فرماؤ ظاہر صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں، مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے

(ترجمہ: کنز الایمان: امام احمد رضا خان محدث بریلوی علیہ الرحمہ)

ترجمہ: کہہ دو میں بس چہرہ مہرہ رکھنے میں تمہارے روپ میں ہوں، وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا معبود بس معبود اکیلا ہے (ترجمہ: محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ)

Marfat.com

دیوبندی پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی نے اپنے ترجمہ قرآن میں نبی پاک ﷺ کو اپنے جیسا بشر لکھا

قال الله ۱۶ ۳۹۴ الکھف ۱۵

يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ۙ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ

اس روز کافروں کے سامنے پیش کر دینگے جن کی آنکھوں پر دنیا میں ہماری یاد سے (یعنی دین حق کے دیکھنے

ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ۝ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ

سمجھنے سے پردہ پڑا ہوا تھا۔ اور وہ سن بھی نہ سکتے تھے ۝ سو کیا جو بھی ان کافروں کا خیال ہے کہ

يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ

مجھ کو چھوڑ کر میرے بندوں کو اپنا کارساز یعنی معبود حاجت روا قرار دیں۔ ہم نے تو کافروں کی دعوت کیلئے دوزخ کو تیار

نُزُلًا ۝ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۝ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ

کر رکھا ہے ۝ آپ ان سے کہیئے کہ کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں جو اعمال کے اعتبار سے بالکل خسارہ میں ہیں۔ یہ لوگ ہیں جن کی ساری

سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ۝

ہی کی کرائی محنت سب گئی گذری ہوئی اور وہ اپنی جگہ اسی خیال میں ہیں کہ اچھا کام کر رہے ہیں۔

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآىِٕهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

یہ وہ لوگ ہیں جو رب کی آیتوں کا یعنی کتب الہیہ کا اور اس کے ملنے کو یعنی قیامت کا انکار کر رہے ہیں سو اس لئے انکے

فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا

سارے کام غارت ہو گئے تو قیامت کے روز ہم ان کے نیک اعمال کا ذرا بھی وزن قائم نہ کریں گے۔ بلکہ انکی سزا وہی ہوگی

وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

یعنی دوزخ اس سبب سے کہ انہوں نے کفر کیا تھا اور یہ کہ میری آیتوں اور پیغمبروں کا مذاق بنایا تھا۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا

نیک کام کئے انکی مہمانی کیلئے فردوس (یعنی بہشت) کے باغ ہونگے جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے انکو کوئی حیلہ نہ چاہے گا اور نہ

حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ

وہاں سے کہیں اور جانا چاہیں گے۔ آپ ان سے کہہ دیجئے کہ اگر دریا سے میری باتیں لکھنے کیلئے سمندر کا پانی روشنائی کی جگہ ہو تو

اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ

تیرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جائے اور باتیں لکھنے میں نہ آویں۔ اگرچہ اس سمندر کی مثل دوسرا سمندر (اسی طرح) ہم

مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ

آویں (اور آپ لوگوں سے بھی) کہہ دیجئے کہ میں تو تم ہی جیسا بشر ہوں میرے پاس بس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود برحق ایک ہی معبود ہے

إِنَّ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

یہ قرآن تو صرف تمام جہان والوں کے واسطے ایک نصیحت ہے

القرآن الحکیم

مع

ترجمہ و تفسیر

مولانا اشرف علی تھانوی

قدرت اللہ کمپنی اردو بازار لاہور

Marfat.com

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الٰہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: اور آپ (یوں بھی) کہہ دیجئے کہ میں تم ہی جیسا بشر ہوں میرے پاس بس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہی معبود ہے

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

دیوبندی مولوی فتح محمد جالندھری نے اپنے ترجمہ قرآن میں نبی پاک ﷺ کو اپنی طرح کا ایک بشر لکھا



خلاصۃ القرآن ۱۶ — ۳۱۲ — کنزالایمان

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا — یہ انکی سزا ہے یعنی جہنم اسلئے کہ انہوں نے کفر کیا اور
وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ۝ — ہماری آیتوں اور ہمارے پیغمبروں کی ہنسی اڑائی ۝
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ — جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے ان کے لئے
كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ — بہشت کے باغ مہمانی ہوں گے ۝
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ — ہمیشہ اُن میں رہیں گے اور وہاں سے مکان بدلنا نہ چاہیں گے ۝
قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ — کہدو کہ اگر سمندر میرے پروردگار کی باتوں کے لکھنے کے لئے
رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ — سیاہی ہو تو قبل اسکے کہ میرے پروردگار کی باتیں تمام ہوں
كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ — سمندر ختم ہو جائے اگرچہ ہم ویسا ہی اور اسکی مدد کو لائیں ۝
قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ — کہدو کہ میں تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں البتہ میری طرف
اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ — وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک معبود ہے تو جو شخص اپنے پروردگار
كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا — سے ملنے کی امید رکھے چاہیے کہ عمل نیک کرے اور اپنے
صٰلِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝ — پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہ بنائے ۝

سورۂ مریم مکی ہے اور اس میں اٹھانوے آیتیں اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — شروع خدا کا نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ — کہٰیٰعٓصٓ ۝ یہ تمہارے پروردگار کی مہربانی کا بیان
عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝ — ہے جو اس نے اپنے بندے زکریا پر کی تھی ۝
اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ — جب انہوں نے اپنے پروردگار کو دبی آواز سے پکارا ۝
قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ — اور کہا کہ اے میرے پروردگار میری ہڈیاں بڑھاپے
وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ — کے سبب کمزور ہو گئی ہیں اور سر شعلہ مارنے لگا ہے اور اے میرے
بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ — پروردگار میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا ۝

ف۱ یعنی اور کی سفیدی کے سبب سر آگ کی طرح چمکنے لگا ہے۔

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الٰہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: کہہ دو کہ میں تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں (البتہ) میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (وہی) ایک معبود ہے

(ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

Marfat.com

دیوبندی مولوی مودودی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں نبی پاک ﷺ کو اپنے جیسا ہی ایک انسان لکھا

ترجمۂ قرآن مجید

مع مختصر حواشی

سیّد ابوالاعلیٰ مَودُودیؒ

ادارہ ترجمان القرآن (پرائیویٹ) لمیٹڈ
اُردو بازار، لاہور

قال الم ۱۱ ۷۷۷ مریم ۱۹

یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب کی آیات کو ماننے سے انکار کیا اور اُس کے حضور پیشی کا یقین نہ کیا۔ اس لیے اُن کے سارے اعمال ضائع ہو گئے، قیامت کے روز ہم انھیں کوئی وزن نہ دیں گے۔ اُن کی جزا جہنم ہے اُس کفر کے بدلے جو انھوں نے کیا اور اس مذاق کی پاداش میں جو وہ میری آیات اور میرے رسُولوں کے ساتھ کرتے رہے۔ البتہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے، ان کی میزبانی کے لیے فردوس کے باغ ہوں گے جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور کبھی اُس جگہ سے نکل کر کہیں جانے کو اُن کا جی نہ چاہے گا۔

اے نبیؐ کہو کہ اگر سمندر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لیے روشنائی بن جائے تو وہ ختم ہو جائے مگر میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں، بلکہ اگر اتنی ہی روشنائی ہم اور لے آئیں تو وہ بھی کفایت نہ کرے۔ [۲۶]

اے نبیؐ، کہو کہ میں تو ایک انسان ہوں تم ہی جیسا، میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمھارا خدا بس ایک ہی خدا ہے، پس جو کوئی اپنے رب کی ملاقات کا اُمیدوار ہو اسے چاہیے کہ نیک عمل کرے اور بندگی میں اپنے رب کے ساتھ کسی اور کو شریک نہ کرے۔

سُورۂ مریم (مکّی)

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم فرمانے والا ہے۔

ک، ہ، ی، ع، ص۔ ذکر ہے اُس رحمت کا جو تیرے رب نے اپنے بندے زکریاؑ پر کی تھی، جب کہ اس نے اپنے رب کو چپکے چپکے پکارا۔

اُس نے عرض کیا "اے پروردگار، میری ہڈیاں تک گھل گئی ہیں اور سر بڑھاپے

[۲۶] اللہ تعالیٰ کی "باتوں" سے مراد اس کے کام اور کمالات اور عجائبات قدرت و حکمت ہیں۔

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: اے نبی، کہو کہ میں تو ایک انسان ہوں تم ہی جیسا، میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا خدا بس ایک ہی خدا ہے۔

(ترجمہ: مولوی مودودی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

Marfat.com

دیوبندی مولوی مفتی تقی عثمانی نے اپنے آسان ترجمۂ قرآن میں نبی پاک ﷺ کو اپنے ہی جیسا ایک انسان لکھا

توضیح القرآن

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

(اے پیغمبر! لوگوں سے) کہہ دو کہ: "اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لئے سمندر روشنائی بن جائے، تو میرے رب کی باتیں ختم نہیں ہوں گی کہ اُس سے پہلے سمندر ختم ہو چکا ہوگا، چاہے اُس سمندر کی کمی پوری کرنے کے لئے ہم ویسا ہی ایک اور سمندر کیوں نہ لے آئیں۔" کہہ دو کہ: "میں تو تمہی جیسا ایک انسان ہوں، (البتہ) مجھ پر یہ وحی آتی ہے کہ تم سب کا خدا بس ایک خدا ہے۔ لہٰذا جس کسی کو اپنے مالک سے جا ملنے کی اُمید ہو، اُسے چاہئے کہ وہ نیک عمل کرے، اور اپنے مالک کی عبادت میں کسی اور کو شریک نہ ٹھہرائے۔"

(۳د) "اللہ تعالیٰ کی باتوں" سے مراد اللہ تعالیٰ کی صفات اور کمالات کا تذکرہ ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت، اُس کی حکمت اور اُس کے کمالات اتنے زیادہ ہیں کہ اگر ان کو قلم بند کیا جائے تو بڑے بڑے سمندروں کو روشنائی بنا کر لکھا جائے تو سمندر کے سمندر خشک ہو جائیں گے، اور اللہ تعالیٰ کی صفات اور کمالات کا بیان ختم نہیں ہوگا۔

آسان ترجمۂ قرآن

تشریحات کے ساتھ

سادہ ایڈیشن

از

مفتی محمد تقی عثمانی

مکتبۂ معارف القرآن کراچی ۱۴
(Quranic Studies Publishers)
Karachi, Pakistan.

الحمد للہ تعالیٰ! آج شب دوشنبہ ۲۹ رمضان المبارک ۱۴۲۷ھ مطابق ۲۳ اکتوبر ۲۰۰۶ء کو رات کے چار بجے سحری سے کچھ قبل سورۂ کہف کا ترجمہ اور حواشی تکمیل کو پہنچے۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں شرف قبول عطا فرمائیں، اور باقی سورتوں کا کام بھی اپنی رضا کے مطابق مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین، ثم آمین۔

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: کہہ دو کہ میں تو تمہی جیسا ایک انسان ہوں (البتہ) مجھ پر یہ وحی آتی ہے کہ تم سب کا خدا بس ایک خدا ہے۔

(ترجمہ: مفتی تقی عثمانی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

Marfat.com

سعودی مولوی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں نبی پاک ﷺ کو اپنے جیسا ہی ایک انسان لکھا

یہ قرآن شریف مع ترجمہ و تفسیر خادم حرمین شریفین
شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود کی طرف سے ہدیہ ہے

شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝

سُوْرَةُ مَرْيَمَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝

سورۂ مریم مکی ہے اور اس میں اٹھنے آیتیں اور چھ رکوع ہیں

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

کیعص۔(۱) یہ ہے تیرے پروردگار کی اس مہربانی کا ذکر جو اس نے اپنے بندے زکریا[۳] پر کی تھی۔(۲)

باتوں کے ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جائے گا گو ہم اسی جیسا اور بھی اس کی مدد میں لے آئیں۔(۱۰۹)

آپ کہہ دیجئے کہ میں تو تم جیسا ہی ایک انسان ہوں۔[۱] (ہاں) میری جانب وحی کی جاتی ہے کہ سب کا معبود صرف ایک ہی معبود ہے،[۲] تو جسے بھی اپنے پروردگار سے ملنے کی آرزو ہو اسے چاہیے کہ نیک اعمال کرے اور اپنے پروردگار کی عبادت[۳] میں کسی کو بھی شریک نہ کرے۔(۱۱۰)

(۱) اس لیے میں بھی رب کی باتوں کا احاطہ نہیں کر سکتا۔

(۲) البتہ مجھے یہ امتیاز حاصل ہے کہ مجھ پر وحی الٰہی آتی ہے۔ اسی وحی کی بدولت میں نے اصحاب کہف اور ذوالقرنین کے متعلق اللہ کی طرف سے نازل کردہ وہ باتیں بیان کی ہیں جن پر مرور ایام کی وجہ سے تہیں پڑی ہوئی تھیں یا ان کی حقیقت افسانوں میں گم ہو گئی تھی۔ علاوہ ازیں اس وحی میں سب سے اہم حکم یہ دیا گیا ہے کہ تم سب کا معبود صرف ایک ہے۔

(۳) عمل صالح وہ ہے جو سنت کے مطابق ہو، یعنی جو اپنے رب کی ملاقات کا یقین رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ ہر عمل سنت نبوی کے مطابق کرے۔ اور دوسرے، اللہ کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے، اس لیے کہ بدعت اور شرک دونوں ہی حبط اعمال کا سبب ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں سے ہر مسلمان کو محفوظ رکھے۔

☆ ہجرت حبشہ کے واقعات میں بیان کیا گیا ہے کہ حبشہ کے بادشاہ نجاشی اور اسکے مصاحبین اور امرا کے سامنے جب سورۂ مریم کا ابتدائی حصہ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے پڑھ کر سنایا تو ان سب کی داڑھیاں آنسو بہہ بہہ کر تر ہو گئیں اور نجاشی نے کہا کہ یہ قرآن اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو لے کر آئے ہیں، یہ سب ایک ہی مشعل کی کرنیں ہیں (فتح القدیر)

(۳) حضرت زکریا علیہ السلام، انبیائے بنی اسرائیل میں سے ہیں۔ یہ بڑھئی تھے اور یہی پیشہ ان کا ذریعۂ آمدنی تھا۔

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: آپ کہہ دیجئے کہ میں تو تم جیسا ہی ایک انسان ہوں (ہاں) میری جانب وحی کی جاتی ہے کہ سب کا معبود صرف ایک ہی معبود ہے

(ترجمہ: سعودی عرب)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

Marfat.com

اہلحدیث مولوی مرزا حیرت دہلوی نے اپنے ترجمہ قرآن میں نبی پاک ﷺ کو اپنی مثل ایک بشر لکھا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا

پس ہم قیامت کے دن ان کی کچھ قدر نہ کریں گے ۱۰۵ یہ ان کا بدلہ جہنم ہے سبب اس کے کہ

وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

انہوں نے کفر کیا اور میری آیتوں اور میرے پیغمبروں کو ہنسی بنایا ۱۰۶☆ (اب مومنوں کا حال

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ

سنو) بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کی مہمانی کے لئے

الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ

فردوس کے باغات ہیں ۱۰۷☆ جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے (اور) وہاں سے (ایک دم کو)

عَنْهَا حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ

ہٹنا نہ چاہیں گے ۱۰۸☆ (ان سے) کہہ دو کہ اگر میرے پروردگار کی باتوں کے (لکھنے کے) لئے سمندر

رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ

(کا پانی) سیاہی بن جائے تو بیشک سمندر (کا پانی) اس سے پہلے ختم ہو جائیگا کہ میرے پروردگار کی باتیں

وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا

ختم ہوں اگرچہ ہم اس کے مثل (ایک سمندر اور) زیادہ کر دیں ۱۰۹☆ (اے نبی ﷺ ان سے) کہہ دو

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ

کہ میں تو صرف تمہاری مثل ایک بشر ہوں میری طرف یہ وحی کی جاتی ہے کہ تم سب کا معبود ایک

لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝

آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْمُ

مترجم

مرزا حیرت دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

ادارہ: اشاعت القرآن والحدیث

پاکستان

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: (اے نبی ﷺ ان سے) کہہ دو کہ میں تو صرف تمہاری مثل ایک بشر ہوں میری طرف یہ وحی کی جاتی ہے کہ تم سب کا معبود ایک

(ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

Marfat.com

اہلحدیث مولوی حافظ عبدالسلام بن محمد نے اپنے ترجمہ قرآن میں نبی پاک ﷺ کو اپنے جیسا بشر لکھا

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝

ان میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے، وہ اس سے جگہ بدلنا نہ چاہیں گے۔

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝

کہہ دے اگر سمندر میرے رب کی باتوں کے لیے سیاہی بن جائے تو یقیناً سمندر ختم ہو جائے گا اس سے پہلے کہ میرے رب کی باتیں ختم ہوں، اگرچہ ہم اس کے برابر اور سیاہی لے آئیں۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

کہہ دے میں تو تم جیسا ایک بشر ہی ہوں، میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود صرف ایک ہی معبود ہے، پس جو شخص اپنے رب کی ملاقات کی امید رکھتا ہو تو لازم ہے کہ وہ عمل کرے نیک عمل اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ بنائے۔

اٰیاتھا ۹۸ سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ رکوعاتھا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝

اللہ کے نام سے جو بے حد رحم والا، نہایت مہربان ہے۔
کٓہٰیٰعٓصٓ۔ تیرے رب کی اپنے بندے زکریا پر رحمت کا ذکر ہے۔

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝

جب اس نے اپنے رب کو چپکی آواز سے پکارا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝

کہا اے میرے رب! یقیناً میں ہوں کہ میری ہڈیاں کمزور ہو گئیں اور سر بڑھاپے سے شعلے مارنے لگا اور اے میرے رب! میں تجھے پکارنے میں کبھی بے نصیب نہیں ہوا۔

وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝

اور بے شک میں اپنے پیچھے قرابتداروں سے ڈرتا ہوں اور میری بیوی شروع سے بانجھ ہے، سو مجھے اپنے پاس سے ایک وارث عطا کر۔

يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۗ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝

جو میرا وارث بنے اور آل یعقوب کا وارث بنے اور اے میرے رب! اسے پسند کیا ہوا بنا۔

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨاسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ

اے زکریا! بے شک ہم تجھے ایک لڑکے کی خوش خبری دیتے

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ: کہہ دے میں تو تم جیسا ایک بشر ہی ہوں، میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود صرف ایک ہی معبود ہے۔

(ترجمہ: حافظ عبدالسلام بن محمد، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

Marfat.com

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ:

"تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ
تھے حق بات سن نہ سکتے تو کیا کافر یہ سمجھتے ہیں کہ
يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ
میرے سوا حمایتی بنا لیں گے بے شک ہم نے کافروں کی مہمانی کو جہنم تیار
نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ
کر رکھی ہے تم فرماؤ کیا ہم تمہیں بتا دیں کہ سب سے بڑھ کر ناقص عمل کن کے ہیں ان کے جن کی ساری
سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ
کوشش دنیا کی زندگی میں گم گئی اور وہ اس خیال میں ہیں کہ ہم اچھا کام کر رہے ہیں
صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
یہ لوگ جنہوں نے اپنے رب کی آیتیں اور اس کا ملنا نہ مانا تو ان کا کیا دھرا اکارت ہے
فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا
تو ہم ان کے لئے قیامت کے دن کوئی تول نہ قائم کریں گے یہ ان کا بدلہ ہے جہنم اس پر کہ انہوں نے کفر کیا
وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اور میری آیتوں اور میرے رسولوں کی ہنسی بنائی بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے
كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ
فردوس کے باغ ان کی مہمانی ہے وہ ہمیشہ ان ہی میں رہیں گے ان سے نکلنا
عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ
نہ چاہیں گے تم فرماؤ اگر سمندر میرے رب کی باتوں کے لئے سیاہی ہو تو ضرور سمندر ختم ہو جائے گا
قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ
اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گی اگرچہ ہم ویسا ہی اور اس کی مدد کو لے آئیں تو فرماؤ ظاہری صورت
اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ
بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے تو جسے اپنے رب سے ملنے کی امید
رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾
ہو اسے چاہئے کہ نیک کام کرے اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے

کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن

حضرت علامہ الحاج مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی۔ پاکستان

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الٰہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)

ترجمہ کنز الایمان: تو فرماؤ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

Marfat.com

اہلسنت کے ممتاز عالم دین محدث اعظم علامہ سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ: ''کہہ دو کہ میں بس چہرہ مہرہ رکھنے میں تمہارے روپ میں ہوں، وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا معبود بس معبود اکیلا ہے

الکہف ۱۸ ۳۶۶ قال الم ۲۱

يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾ أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن يَتَّخِذُوا عِبَادِي
سکتے تھے تو کیا گمان کرلیا ہے جنہوں نے کفر کیا کہ بنالیں میرے بندوں کو
مِن دُونِي أَوْلِيَاءَ ۚ إِنَّا أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ
مجھے چھوڑ کر اپنا دوست بے شک ہم نے تیار کر رکھا ہے جہنم کو کافروں کی مہمانی کو کہہ دو کیا
نُنَبِّئُكُم بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ
میں بتادوں تمہیں کس میں سب سے زیادہ دیوالیہ وہ جن کی کوشش گم ہوئی دنیاوی زندگی میں
الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ
اور وہ خیال کر رہے ہیں کہ وہ خوب کر رہے ہیں کام وہی ہیں جنہوں نے
كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ
انکار کیا اپنے رب کی آیتوں کا اور اس کے ملنے کا تو غارت ہوگئے ان کے سب کام تو نہ رکھیں گے ہم ان کا
يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا
قیامت کے دن کوئی وزن یہ ان کی سزا ہے جہنم کہ انہوں نے کفر کیا تھا اور بنالیا تھا
آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ
میری آیتوں اور رسولوں کا مذاق بے شک جو مان گئے اور لیاقت والے کام کیے انہیں کی
لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا
فردوس کے باغ مہمانی ہیں ہمیشہ رہنے والے اس میں نہ چاہیں گے اس سے
حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ
تبدیلی کہہ دو کہ اگر ہو جائے سمندر روشنائی میرے رب کے کلمات کے لیے تو ضرور سمندر ختم ہے قبل
أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ إِنَّمَا أَنَا
اس کے کہ ختم ہوں میرے رب کے کلمات گو ہم لے آئیں اسی طرح مدد کو کہہ دو کہ میں بس
بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَمَن كَانَ يَرْجُو
تم جیسا بشر ہوں تمہارے روپ میں ہوں وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا معبود بس معبود ہوا ایسا ہے تو جو امید وار ہے
لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا ﴿١١٠﴾
اپنے پروردگار سے ملنے کا تو چاہیے کہ کام نیک لیاقت والا اور نہ شریک کرے اپنے رب کی عبادت میں کسی کو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ

قرآن مجید مترجمہ مستند بہ معارف القرآن

ترجمہ نگار

حجۃ الملت ابو المحامد سید محمد محدث اعظم ہند کچھوچھوی علیہ الرحمہ

تاریخ تکمیل ترجمہ ہذا ۱۲ ذی الحجہ ۱۳۶۶ھ لیلۃ الاولید قبل العشاء

ناشر
گلوبل اسلامک مشن انک
نیویارک۔ یو۔ ایس۔ اے

زیر اہتمام
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور کراچی پاکستان

القرآن: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد (سورۂ کہف، آیت 110، پارہ 16)
ترجمہ کنز الایمان: کہہ دو کہ میں بس چہرہ مہرہ رکھنے میں تمہارے روپ میں ہوں، وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا معبود بس معبود اکیلا ہے (ترجمہ: علامہ سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ)

Marfat.com

12:القرآن:وذا النون اذ ذهب مغاضباً فظن ان لن نقدر عليه

(سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ:اور مچھلی والے کو جب چلا غصہ ہو کر پھر سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے اس کو (ترجمہ:محمود الحسن، دیوبندی)

ترجمہ:اور ذوالنون (کو یاد کرو) جب وہ اپنی قوم سے ناراض ہو کر غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہیں پا سکیں گے (ترجمہ:فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

ترجمہ:اور ذوالنون (یعنی یونس) کو (یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم پر) غصہ ہو کر چلے گئے اور انہوں نے یہ خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پائیں گے (ترجمہ:مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

ترجمہ:مچھلی والے (حضرت یونس علیہ السلام) کو یاد کرو! جبکہ وہ غصہ سے چل دیا اور خیال کیا کہ ہم اسے نہ پکڑ سکیں گے (ترجمہ:سعودی عرب)

آپ نے مختلف مکاتب فکر کے مترجمین کے تراجم ملاحظہ فرمائیں۔تمام مترجمین نے اپنے تراجم قرآن میں حضرت یونس علیہ السلام کی بابت لکھا کہ وہ سمجھے کہ رب تعالیٰ ان کو پکڑ نہ سکے گا (معاذ اللہ) کیا اللہ تعالیٰ کا محبوب نبی یہ خیال یا یہ سمجھ سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھ پر قابو نہیں پا سکے گا۔

اب آپ علمائے اہلسنت کے تراجم قرآن ملاحظہ فرمائیں اور خود فیصلہ کریں کہ کس کا ترجمہ ایمان کے عین مطابق ہے۔

القرآن:وذا النون اذ ذهب مغاضباً فظن ان لن نقدر عليه

(سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ:اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے (ترجمہ: کنزالایمان:امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ)

ترجمہ:اور ذوالنون جبکہ چل پڑے تھے غصہ میں بھرے پھر خیال کیا کہ ہم تنگی نہ ڈالیں گے (ترجمہ: محدث اعظم ہند علامہ سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ)

ترجمہ:اور ذوالنون کو (یاد کیجئے) جب وہ (راہ حق) میں غضب ناک ہو کر نکلے تو انہوں نے گمان کیا کہ ہم ان پر ہرگز تنگی نہ کریں گے (ترجمہ:علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ)

Marfat.com

دیوبندی پیشوا محمود الحسن نے اپنے ترجمۂ قرآن میں حضرت یونس علیہ السلام کی بابت لکھا کہ وہ سمجھے کہ رب تعالیٰ ان کو پکڑ نہ سکے گا (معاذ اللہ)

اقترب للناس ۱۰ ۴۳۸ الانبیآء

الرِّيحَ عَاصِفَةً تَجْرِي بِأَمْرِهِ إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ۚ
ہوا زور سے چلنے والی کہ چلتی اُسکے حکم سے اس زمین کی طرف جہاں برکت دی تھی ہم نے ف

وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عَالِمِينَ ﴿٨١﴾ وَمِنَ الشَّيَاطِينِ مَنْ يَغُوصُونَ لَهُ
اور ہم کو سب چیز کی خبر ہے ف اور تابع کئے کتنے شیطان جو غوطہ لگاتے اُسکے واسطے

وَيَعْمَلُونَ عَمَلًا دُونَ ذَٰلِكَ ۖ وَكُنَّا لَهُمْ حَافِظِينَ ﴿٨٢﴾ وَأَيُّوبَ
اور بہت سے کام بناتے اس کے سوائے ف اور ہم نے اُن کو تھام رکھا تھا ف اور ایوب کو

إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿٨٣﴾
جس وقت پکارا اُس نے اپنے رب کو کہ مجھ پر پڑی ہے تکلیف اور تو ہے سب رحم والوں سے رحم والا

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ فَكَشَفْنَا مَا بِهِ مِنْ ضُرٍّ ۖ وَآتَيْنَاهُ أَهْلَهُ وَ
پھر ہم نے سُن لی اُسکی فریاد سو دور کر دی جو اُس پر تھی تکلیف اور عطا کئے اُسکو اُسکے گھر والے اور

مِثْلَهُمْ مَعَهُمْ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِنَا وَذِكْرَىٰ لِلْعَابِدِينَ ﴿٨٤﴾ وَ
اتنے ہی اور اُن کے ساتھ رحمت اپنی طرف سے اور نصیحت بندگی کرنے والوں کو ف

إِسْمَاعِيلَ وَإِدْرِيسَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ كُلٌّ مِنَ الصَّابِرِينَ ﴿٨٥﴾ وَ
اسمٰعیل اور ادریس اور ذوالکفل کو یہ سب ہیں صبر والے ف اور

أَدْخَلْنَاهُمْ فِي رَحْمَتِنَا ۖ إِنَّهُمْ مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿٨٦﴾ وَذَا النُّونِ
لے لیا ہم نے اُن کو اپنی رحمت میں وہ ہیں نیک بختوں میں اور مچھلی والے کو

إِذْ ذَهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَنْ لَنْ نَقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادَىٰ فِي
جب چلا گیا غصہ ہو کر ف پھر سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے اُس کو ف پھر پکارا اُن

الظُّلُمَاتِ أَنْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ
اندھیروں میں ف کہ کوئی حاکم نہیں سوائے تیرے تو بے عیب ہے میں تھا گنہگاروں

الظَّالِمِينَ ﴿٨٧﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ ۖ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذَٰلِكَ نُنْجِي
سے ف پھر سُن لی ہم نے اُس کی فریاد، اور بچا دیا اُس کو اس غم سے، اور یونہی ہم بچا دیتے ہیں



القرآن: وذا النون اذ ذهب مغاضباً فظن ان لن نقدر عليه (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ: اور مچھلی والے کو جب چلا گیا غصہ ہو کر پھر سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے اس کو (ترجمہ: محمود الحسن دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے

(ترجمہ: امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ)

Marfat.com

دیوبندی مولوی فتح محمد جالندھری نے اپنے ترجمۂ قرآن میں حضرت یونس علیہ السلام کی بابت لکھا کہ وہ سمجھے کہ رب تعالیٰ ان پر قابو نہ پا سکے گا (معاذ اللہ)

۴۲۸

اور ذوالنون (کو یاد کرو) جب وہ اپنی قوم سے ناراض ہو کر
غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو
نہیں پا سکیں گے آخر اندھیرے میں وہ کو پکارنے لگے کہ
تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بیشک میں قصوروار ہوں ۸۷
تو ہم نے انکی دعا قبول کر لی اور ان کو غم سے نجات بخشی اسی
ایمان والوں کو ہم اسی طرح نجات دیا کرتے ہیں ۸۸
اور زکریا کو یاد کرو جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ
پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے ۸۹
تو ہم نے ان کی پکار سن لی اور ان کو یحییٰ بخشا اور انکی
بیوی کو اولاد کے قابل بنا دیا۔ یہ لوگ لپک لپک کر
نیکیاں کرتے اور ہمیں امید اور خوف سے پکارتے اور
ہمارے آگے عاجزی کیا کرتے تھے ۹۰
اور ان (مریم) کو بھی یاد کرو جنہوں نے اپنی عفت کو
محفوظ رکھا تو ہم نے ان میں اپنی روح پھونک دی اور انکو
اور ان کے بیٹے کو اہل عالم کے لئے نشانی بنا دیا ۹۱
یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا
پروردگار ہوں تو میری ہی عبادت کیا کرو ۹۲
اور یہ لوگ اپنے معاملے میں باہم متفرق ہو گئے۔ مگر سب
ہماری طرف رجوع کرنے والے ہیں ۹۳
جو نیک کام کریگا اور مومن بھی ہوگا تو اسکی کوشش رائیگاں
نہ جائیگی۔ اور ہم اس کے لئے ثواب اعمال لکھ رہے ہیں ۹۴

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ
اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ
اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ
كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝
فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ
وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ
فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝
فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۠ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَ
اَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا
يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا
رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ۝
وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا
مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً
لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝
اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۠ وَّاَنَا
رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝
وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا
رٰجِعُوْنَ ۝
فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ
فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ۝

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

القرآن الحکیم

مع ترجمہ

فتح الحمید

تاج کمپنی لمیٹڈ ناشران قرآن مجید
لاہور۔ کراچی

Marfat.com

القرآن: وذا النون اذ ذهب مغاضباً فظن ان لن نقدر عليه (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ: اور ذوالنون (کو یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم سے ناراض ہو کر) غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پا سکیں گے۔

(ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے۔

اہلحدیث مولوی مرزا حیرت دہلوی نے اپنے ترجمہ قرآن میں حضرت یونس علیہ السلام کی بابت لکھا کہ

وہ سمجھے کہ رب تعالیٰ ان پر قابو نہ پائے گا (معاذ اللہ)

لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ○

آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

اَلْقُرْآنُ الْكَرِيْم

مُترجم

مرزا حیرت دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

ادارہ: اشاعت القرآن والحدیث

پاکستان

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ ۫ وَاٰتَيْنٰهُ

پس ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور جو مصیبت ان پر تھی دور کر دی اور ہم نے

اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا

ان کے اہل (و عیال) اور اسی قدر ان کیساتھ (اور بھی) اپنی مہربانی سے اور لوگوں کی

وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ

نصیحت کے لئے عنایت کئے ۸۴ ☆ اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل (کو یاد کرو)

وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَاَدْخَلْنٰهُمْ

(یہ) سب صبر کرنے والوں میں سے تھے ۸۵ ☆ اور ہم نے انہیں اپنی رحمت میں

فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَذَا النُّوْنِ

داخل کیا تھا بے شک وہ نیکوکاروں میں سے ہیں ۸۶ ☆ اور ذوالنون (یعنی یونس) کو (یاد کرو)

اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ

جب وہ (اپنی قوم پر) غصہ ہو کر چلے گئے اور انہوں نے یہ خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پائیں

فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۠

گے (پس ہم نے مچھلی کے پیٹ میں پہنچا دیا) پھر انہوں نے اندھیروں میں (ہمیں) پکارا

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ

کہ سوا تیرے کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں سے ہوں ۸۷ ☆ پس ہم نے ان کی

القرآن: وذا النون اذ ذهب مغاضباً فظن ان لن نقدر عليه (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ: اور ذوالنون (یعنی یونس) کو (یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم پر) غصہ ہو کر چلے گئے اور انہوں نے یہ خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پائینگے

(ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے۔

Marfat.com

سعودی ترجمہ میں حضرت یونس علیہ السلام کی بابت لکھا کہ
وہ سمجھے کہ رب تعالیٰ ان کو پکڑ نہ سکے گا (معاذ اللہ)

یہ قرآن شریف مع ترجمہ و تفسیر خادم حرمین شریفین
شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود کی طرف سے ہدیہ ہے

